یہ ستارے یہ کہکشاں یہ فلک رہبر راہِ زندگانی ہیں!

SEPTEMBER 2025
ABC Certified/CPNE Member

GOLDEN YEARS 78 مسلسل اشاعت

آفاقی معلومات کا علمبردار

ماہنامہ روحانی

آئینہ قسمت لاہور

اسرائیل اور بھارت کی بقا پاکستان سے ہے؟



رُوحانی باطنی قوّت کا
چھلا

لوحِ شرفِ عطارد

چاند و سورج گرہن

حروفِ صوامت
کے خاص اعمال

FREE 2025 زنجانی جنتری
www.aienaeqismat.com

www.zanjani.pk

675K SUBSCRIBERS

Subscribe Now

ASTROLOGY FOR ALL

سلسلہ روحانیات حضرت سید میراں حسین شاہ زنجانیؒ پیر بھائی حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ

A.B.C سے باقاعدہ منظور شدہ اشاعت

روحانی ماہنامہ آئینہ قسمت لاہور

آئینہ حقیقت بینی کا علمبردار

جلد نمبر 78 | SEPTEMBER 2025 | شمارہ نمبر 06

بانی ادارہ تاجدار اعظم الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانیؒ

جانشین خاندانِ زنجانیہ عالیہ

شہزادہ سیّد محمد اذان علی زنجانی

شہزادہ سیّد علی حمزہ زنجانی

بیرون ممالک سالانہ چندہ

مڈل ایسٹ 18000 روپے

انڈیا، ایران، سری لنکا 18000 روپے

یورپ، فار ایسٹ 20000 روپے

امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا 25000 روپے

قیمت 200 روپے

سالانہ چندہ

نارمل ڈاک 2000 روپے

رجسٹرڈ ڈاک 2500 روپے

حمد و نعت منقبت	3	علم جفر اسم اعظم یا فتاح سورۃ الناس	28
عالمی و سیاسی پیشگوئیاں ستمبر 2025ء	4	امیر المومنین علی ابن ابی طالبؑ	29
علم جفر مستحصلہ ناوعلیؑ	6	علوم کی کنجی	32
حروف صوامت کے مؤکلات	10	ہم ہیں دیوانے تیرے انعام کے	34
مولائے کل علیؑ	13	فارمولا لکی نمبرز ماہ ستمبر 2025ء	37
حروف صوامت کی متعلقہ منازل	15	آپکا ماہ ستمبر 2025ء کیسا رہیگا؟	39
دربارِ مصطفائی کا روحانی فیض	22	سوال و جواب	46
ثاقب ارسل جفر شرف عطارد	24	لوحِ مصطفائی	47
لوح شرف عطارد نورانی	25	توشہ اصحاب کہف	48
شرف عطارد حصول ملازمت، ویزا	26	فہرست ادارہ کتب	49

چیف ایڈیٹر — شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی

گروپ ایڈیٹر — شہزادہ سید محمد علی زنجانی

آئینہ قسمت | زنجانی جنتری | ماہنامہ جنتری | اردو تقویم

ایڈیٹر — شہزادہ سیّد مصوّر علی شاہ زنجانی

سب ایڈیٹر — شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی

مجلس مشاورت

چوہدری ماجد علی خان | ڈاکٹر علامہ محمد حسین اکبر | مخدوم سید ظاہر سجاد زنجانی

کرنل (ر) سید پرویز اقبال بخاری | سردار شعیب مستاد خان | ضیاء الحق قاسمی (ایڈووکیٹ)

آغا افتخار احمد | ضیاء الحق قاسمی (ایڈووکیٹ) | پروفیسر توفیق بٹ

ڈاکٹر شاہد احمد ملک | محمد سلیم نقشبندی

مشیر قانونی: طالب علی غضنفر ایڈووکیٹ، محمد عامر چوہان ایڈووکیٹ

کمپوزنگ لے آؤٹ: ارشد علی

سرکولیشن مینیجر: حامد بشیر



کاشانہ زنجانی 125۔ڈی، گلبرگ 2

54660

بلمقابل یونین کونسل حضرت میراں حسین زنجانی روڈ، نزد مین مارکیٹ لاہور

Ph: 042-35752277 - 35872277

Mobile: 0300-9483758

کاشانہ زنجانی

نزد انصار برنی ٹرسٹ و ہمدرد دواخانہ

آرام باغ روڈ، کراچی-74200

Ph: 021-32217544

کاشانہ زنجانی

A-19، جی ٹی روڈ (مغلم روڈ)

بالمقابل کالاشاہ کلب/آرمی ہاؤس

راولپنڈی

PH: 051-8732742

051-8732764

آئینہ قسمت میں چھپنے والے مضامین بحق ادارہ محفوظ ہیں۔ بغیر اجازت شائع کرنا قانوناً جرم ہے۔ کسی بھی ایسے فرد کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی۔

سید انتظار حسین زنجانی ایڈیٹر/پبلشر نے حیدری پریس ریلوے روڈ لاہور سے چھپوا کر کاشانہ زنجانی D-125 گلبرگ 2 لاہور سے شائع کیا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حمد

از تحریر: ارباب نذیر احمد قادری

تری عنایات پر خدایا نگاہ سب کی لگی ہوئی ہے
تری عنایات کی بدولت سبھی کی بگڑی بنی ہوئی ہے
تو آسمان و زمین کا رب ہے، سبھی کو مولا تری طلب ہے
تری غلام ہی تیرے بندوں کو دو جہانوں کی خسروی ہے
تو حی و قیوم ہے الٰہی ہے چار سو تیری بادشاہی
تمام عالم ہے تیرا یا رب تو سارے عالم کی روشنی ہے
جو تیری قدرت کے ہیں مظاہر قدم قدم پر ہیں آشکارا
ترے کرشموں کی دھوم یارب زمانے بھر میں مچی ہوئی ہے
تری ہی تسبیح میں مگن ہے ذکر تیرا ہر ایک لب پر
ہے کوہ کو کوئلوں کی ''کوکو'' چمن میں بلبل چہک رہی ہے
تری ثناء کون کر سکے گا قدم یہاں کون دھر سکے گا
مگر جسے بھی ہے تو نے چاہا اسے یہ توفیق بخش دی ہے
یونہی رہے اس چشم رحمت قلم رہے اس کا وقف مدحت
کہ تیرا یامینؔ تو ہمیشہ ترے کرم ہی کا لکھتی ہے

نعت

از تحریر: رحیم بخش شکوریؔ

قربان تجھ پہ جاؤں معراج پانے والے
روضہ مجھے دکھا دے عرشاں یہ جانے والے
زمیں پہ مقام تیرا سرعرش ہے نام تیرا
ہر سمت تیرا جلوہ نظروں میں آنے والے
حضورؐ تیرے در کے سب انبیاء گدا ہیں
سردار انبیاء کا لقب پانے والے
تیری ذات کبریا پہ ملائک بھی فدا ہیں
ہیں تیرا خود خدا بھی دیدار چاہنے والے
اے دو جہاں کے والی ہم پر تیرا کرم ہو
اپنی اُمتِ ناداں کو بخشش دلانے والے
تیرے حضورؐ مولا شکوریؔ کی صدا ہے
بگڑی میری بنا دے بگڑی بنانے والے

منقبت

ترى مداح خواں ہر زباں غوثِ اعظمؒ
ترا نام مومن کی جاں غوثِ اعظمؒ
پناہ غریباں تیری ذاتِ والا
ترا گھر ہے دار الاماں غوثِ اعظمؒ
ترے جدِ امجد ہیں نورِ الٰہی
ہے نوری تیرا خاندان غوثِ اعظمؒ
ترے وعظ میں آکے شاہِ عرب نے
بڑھالی تیری عز و شاں غوثِ اعظمؒ
ملے گی ہمیں تیرے دامن کے نیچے
دو عالم میں امن و اماں غوثِ اعظمؒ
ذرا صدق دل سے پکارو تو ان کو
ابھی جلوہ گر ہوں یہاں غوثِ اعظمؒ
جمیلؔ اب ہوں ساکت مقام ادب ہے
کہاں تیرا منہ اور کہاں غوثِ اعظمؒ



قیام پاکستان **1947**ء اور دفاع پاکستان **1965**ء دونوں کے مفرد نمبر **3** سازش وطن **1971**ء اور سازش دوم معرکہ حق **2025**ء کا مفرد نمبر **9** ستارہ مریخ آسمانی افواج کے کمانڈر انچیف کے ستارے کا سال وزیر اعظم شہباز شریف صاحب کا یہ کہنا **1971**ء کا بدلہ ہم نے **2025**ء میں لے لیا۔ درست فرمایا ہے۔ ابھی مضبوط دفاع وطن **2025**ء کے آخری چار مہینے باقی ہیں۔

مضبوط دفاع وطن مفرد 9 عسکری ستارہ مریخ کا فیصلہ کن عالم جنگی سال

20/25ء

15/14 اگست الترتیب پاکستان، بھارت کی یوم آزادی پاکستان نے **2025**ء یوم آزادی معرکہ حق میں کامیابی جشن آزادی کے ساتھ منایا بھارتی وزیر اعظم مودی نے لال قلعہ سے اپنے خطاب میں اپنے ناکام معرکہ سندور کے مشن کو جاری رکھتے ہوئے اپنے ایٹم بم کی دیوالی پر پھوڑنے کے علاوہ پاکستان کے خلاف استعمال کرنے کی کھلی دھمکی دے دی ہے۔ جنگی جنونی نیتن یاہو (یہود) دیوانگی جنونی پن میں مبتلا نریندر مودی (ہنود) یعنی دنوں یہود اور ہنود گاؤ ماتا کی مشترکہ پوجا کرنے والی دونوں قوموں نے پاکستان پر دوبارہ حملہ کرنے بلکہ ایٹمی حملہ کرنے کی ٹھان رکھی۔ ان عقل کے اندھے وزراء اعظم اسرائیل اور بھارت کو یہ علم بھی ہونا چاہئے کہ پوری دُنیا میں ایک یہودی ملک اور ایک ہندو ملک ہے۔ پاکستان کی ایٹمی تباہی کے بعد **56** اسلامی ممالک قائم رہیں گے۔ پاکستان کے جوابی ایٹمی حملہ سے یہود اور ہنود کے دونوں ملک صفحہ ہستی سے مٹ جائیں گے۔ پاکستان کی بقاء اور سلامتی میں ہی اسرائیل اور بھارت کی بقاء چھپی ہوئی ہے۔ کوئی بھی سچا مذہب بیر کرنا نہیں سکھاتا۔ پاکستان کے نامزد عالمی امن ایوارڈ کے مستحق ڈونل ٹرمپ **امریکی صدر کیا کشمیر کا مسئلہ اپنے وعدہ کے مطابق حل کرائیں گے** ۔؟

اگست میں نحس سیارگان مریخ، زحل اور مریخ نیپچون مقابلہ ستمبر میں چاند و سورج گرہن کے علاوہ مریخ مشتری اور مریخ پلوٹو تربیعات نومبر مریخ یورانس مقابلہ اور دسمبر مریخ زحل اور مریخ یورانس تربیعات ستاروں کی نحوست کے ناقص اثرات ابھی آنے باقی ہیں۔ **2025**ء عالمی عسکری سال میں پاک بھارت فضائی و سرحدی کشیدگی کے خدشات ہنوز باقی ہیں جنگی جنونی دیوانگی رکھنے والے ان ہر دو وزراء اعظم سے عالمی امن کو **2025**ء میں خطرہ رہیگا۔ ہماری دُعا ہے کہ وقت کے امام زمانہ حجت القائم مہدیؑ جلد ظہور فرمائیں آپکی آمد آپکی عالمی امن وانصاف کی حکومت قائم ہو کر رہے گی۔ تب عالمی انصاف عدل کی حکومت مشیت ایزدی سے پوری دُنیا میں قائم ہوگا۔

زنجانی جنتری 2025ء میں پیش کوئی کی۔

آسمانی کونسل پر ستمبر 2025ء ستمگری کا مہینہ دکھائی دیتا ھے ۔07 ستمبر فل مون و چاند گرہن دسویں حکمرانوں کے گھر لگنے سے سیاسی عدم استحکام حکومتی اتحادی سیاسی پارٹیوں میں بے چینی سے حکومتی سیاسی اتحاد کمزور ہوا اپوزیشن سیاسی پارٹی تحریک انصاف کو قانونی ریلیف ملے ۔ 22 ستمبر نیو مون اور شمسی گرہن تیسرے لگنے سے اندرون ملک بڑے ٹریفک حادثات ملکی خارجہ پالیسیوں میں مثبت تبدیلیاں سپر پاور امریکہ یورپی ممالک چین سے تعلقات کے ایک نئے مثبت دور کا آغاز ہو۔

زائچہ اوّل فُل مون:۔ میں چوتھے ارض وطن پر قمر کی گہن زدہ نظر چوتھے عطارد کے ہمراہ شمس کیتو مقابل راہو کی غضب ناک نحوست حکومتی ایوانوں اور اندرون ملک جنگی جنون میں مبتلا بھارت کی طرف سے پھر کسی سازش کا اندیشہ ہے۔ ستارہ مشتری دوسرے زحل گیارہویں ملکی معیشت میں ٹیکسوں کے سبب عارضی بہتری تاہم حکومتی اخراجات میں اضافہ اندرون ملک آئینی قوانین کے تحت عدالتوں میں علیحدگی طلاق کے کیسوں میں اضافہ بچوں کی شرح اموات اچانک بڑھے مرکزی وزراء ہیلتھ کو متوجہ رہنے کی ضرورت پر زور دینا ہوگا۔ تاہم وزارت تجارت ایکسپورٹ بڑھانے کی طرف توجہ دے گی۔

زائچہ نیو مون :۔ تیسرے پڑوسی ممالک کے گھر میں ہونا اس کے جنگی جنون کو تقویت دے رہا ہے۔ **ستمبر، اکتوبر، نومبر، دسمبر** سبھی ستاروں کے بداثرات کے سبب اختتام سال تک عوام اور سرکار حکومت کو مل جل کر چلنا ہوگا۔ دسویں حکمرانوں کا ستارہ مریخ کا چوتھے وبال یافتہ ہونا وزیراعظم، صدر کے خلاف تبدیلی کی سیاسی سازشوں کا اندیشہ اچانک بڑھ سکتا ہے۔ سیلاب اور موسمی تباہ کاریوں کے اثرات گزشتہ کئی سال سے عوام سہہ رہی ہے۔ دُنیا بھر میں چھوٹے ڈیموں کی تعداد 10 لاکھ کے قریب ہے۔ بھارت نے آبی جارحیت کی کھلی دھمکی دے رکھی ہے۔ حکومت وقت کو عسکری اداروں اور عوام دوست شہریوں کے تعاون سے ایمرجنسی بنیادوں پر اندرون ملک ہر اس جگہ ڈیم بنا دینا چاہئے جہاں قدرتی ماحول یا پھر ضرورت ہو۔ یوں پاکستان میں مون سون کے سیلابی پانی کو ذخیرہ کرنے کی صلاحیت بڑھے گی۔ سال 2025ء دفاع وطن تعمیر و ترقی اور ایمرجنسی بنیادوں پر ڈیموں کی تعمیر زراعت، باغبانی، نئی قیمتی معدنیات کی دریافت آئل اور گیس ملنے کا سال ہے۔ بھارتی آبی جارحیت سے ہمیں چھٹکارہ پانا ہوگا۔ پاکستان کے خلاف بننے والا بھارت اسرائیل اور امریکہ کے شیطانی اتحاد ثلاثہ سے ہوشیار رہنا ہوگا۔

قمر در عقرب

بحساب ویدک اس نحس وقت کی ابتداء 24 ستمبر 14 بجکر 00 منٹ، اور خاتمہ 27 ستمبر 02 بجکر 36 منٹ پر ہوگا۔
جبکہ بحساب ویدک دوسری بار ابتداء 26 ستمبر 14 بجکر 53 منٹ، اور خاتمہ 29 ستمبر 03 بجکر 24 منٹ پر ہوگا۔

اس دوران آئمہ معصومینؑ کے نزدیک کوئی بھی نیا کام شادی بیاہ نئے کام کا آغاز کرنا بے برکتی کا باعث بنتا ہے۔

حامل نوٹ کا رزق کشادہ نہ ہو تو اُسے حق ہو گا کہ قیامت کے دن شاہ نجفی کا دامن گیر ہو

جو شخص فاضل مال اس لیے طلب کرتا ہے کہ اپنے اہل و عیال کی عزت محفوظ رکھ سکے تو اس کا اجر اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنے سے کہیں برتر ہے۔ (ارشاد امام علی رضاؑ)

نوٹ حاصل کرنے کے خواہاں بہن بھائی 2 ہزار 50 روپے بذریعہ منی آرڈر ارسال کریں۔ ان کی جانب سے اللہ کے گھر کی تعمیر میں 1900 روپے ہدیہ دے کر رسید کے ساتھ شرف مشتری کا نوٹ رجسٹرڈ لیٹر روانہ کر دیا جائے گا۔ اگر آپ مقامی طور پر اپنی پسند کی مسجد میں چندہ دینا چاہیں تو رسید کے ساتھ 100 روپے کے علاوہ 50 روپے ڈاک خرچ ارسال کر دیں۔

یَاعَلِیْمُ: سیّد انتظار حسین شاہ زنجانی کا پاکستانی قوم کیلئے زندہ مچھلیوں کو پانی میں بہانے کا صدقہ دینا کیسا رہے گا؟

خالص حروف: س ی د ا ن ت ظ ر ح ش ھ ز ج ک ب ق و م ل ص

نمبر شمار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰
خالص حروف	س	ی	د	ا	ن	ت	ظ	ر	ح	ش	ھ	ز	ج	ک	ب	ق	و	م	ل	ص
مؤخر صدر	ص	س	ل	ی	م	د	و	ا	ق	ن	ب	ت	ک	ظ	ج	ر	ز	ح	ھ	ش
مؤخر صدر	ش	ص	ھ	س	ح	ل	ز	ی	ر	م	ج	د	ظ	و	ک	ا	ت	ق	ب	ن
جمل مفردہ	۱۸	۱۶	۱۲	۸	۱۷	۱۱	۲۲	۴	۱۱	۱۲	۱۰	۱۵	۱۴	۱۷	۷	۴	۱۷	۱۳	۱۰	۱۷
مستحصلہ	ج	ی	ح	ش	ظ	ک	ص	ھ	ح	س	ح	غ	ق	ا	ق	ل	ن	ل	ق	غ
مؤخر صدر	غ	ج	ق	ی	ل	ح	ن	ث	ل	ظ	ق	ک	ا	ص	ق	ھ	غ	ح	ح	س
نصف	ث	ب	ن	ھ	ک	د	م	ت	ک	ض	ن	ی	ا	ف	ن	د	ث	د	د	ل
تنصیف	ت	ا	م	د	ی	ب	ک	ر	ی	ت	م	ھ	ا	م	م	ب	ت	ب	ب	ک
امتزاج	ت	م	ا	ھ	م	ا	د	م	ی	م	ب	ب	ک	ت	ر	ب	ی	ب	ت	ک

خالص حروف	ت	م	ا	ھ	د	ی	ب	ک	ر
مؤخر صدر	ر	ت	ک	م	ب	ا	ی	ھ	د
مؤخر صدر	د	ر	ھ	ت	ی	ک	ا	م	ب
مؤخر صدر	ب	د	م	ر	ا	ھ	ک	ت	ی
خود	خود	خود	خود	خود	خود	خود	خود	خود	خود
مستحصلہ	ب	د	م	ر	ا	ھ	ک	ت	ی
ترتیب	ب	ھ	ت	ر	د	ے	ک	ا	م
جواب	بہتر				دے		کام		

''بہتر دے کام''

واللہ اعلم بالصواب

www.youtube.com/zanjani
www.zanjani.pk ZANJANI TV
لوحِ شرف سبسکرائب کیلئے ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔www.zanjani.pk

یَاعَلِیْمُ: کیا دو ہزار پچیس عیسوی (2025ء) میں عمران احمد نیازی کی جان کو خطرہ ہے؟

بسط حرفی: ک ی ا د و ھ ز ا ر ب ج ی س ع ی س و ی م ی ں ع م ر ا ن ا ح م د ن ی ا ز ی ک ی ج ا ن ک و خ ط ر ہ ہ ے

	تاریخ		ماہ			سال					دن جمعرات					
تاریخ ماہ سال اور دن سے حاصل حروف	۰ ۰	۲ ی	۰ ۰	۲ د	۰ ۰	۵ ر	۲ ج	۰ ۰	۲ س	۳ س	۴ ی	۷ ا	۲ م	۱ د	۴ ز
خود ہم رُتبہ نظیرہ	۰	خود	۰	خود	۰	نظیرہ	نظیرہ	۰	ہم رُتبہ	خود	خود	خود	ہم رُتبہ	خود	نظیرہ
مستحصلہ	۰	ے	۰	د	۰	و	ف	۰	خ	س	ی	ا	د	د	ش
ترتیب	۰	د	۰	ے	۰	خ	و	۰	ف	ا	س	ش	د	ی	د
جواب	دے				خوف					اِس			شدید		

''دے خوف اِس شدید'' واللہ اعلم باالصواب

یَاعَلِیْمُ: چھبیس جولائی دو ہزار پچیس عیسوی (26-07-2025) پاکستان کو مستقبل میں کس ملک سے زیادہ دشمنی کا خطرہ ہے؟

خالص حروف: ب ا ک س ت ن و م ق ل ی ز د ھ ش خ ط ر ج ع

	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰
نمبر شمار	ب	ا	ک	س	ت	ن	و	م	ق	ل	ی	ز	د	ھ	ش	خ	ط	ر	ج	ع
خالص حروف	ع	ب	ج	ا	ر	ک	ط	س	خ	ت	ش	ن	ھ	و	د	م	ز	ق	ی	ل
مؤخر صدر	ل	ع	ی	ب	ق	ج	ز	ا	م	ر	د	ک	و	ط	ھ	س	ن	خ	ش	ت
مؤخر صدر	۱۲	۱۰	۶	۹	۷	۱۰	۲۲	۱۱	۱۱	۹	۸	۱۴	۱۵	۲۰	۱۲	۱۶	۲۱	۹	۷	۱۴
جمل مفردہ	ک	ت	ج	ح	خ	ح	ص	ب	غ	س	ر	ن	ذ	ف	ح	ل	ق	م	ذ	ز
مستحصلہ	ز	ک	ذ	ت	م	ج	ق	ح	ل	خ	ح	ح	ف	ص	ذ	ب	ن	غ	ر	س
مؤخر صدر	و	ی	خ	ر	ک	ب	ن	د	ک	ش	د	د	م	ف	خ	ا	م	ث	ق	ل
نصف	ج	ھ	ش	ق	ی	ا	م	ب	ی	ر	ب	ب	ک	م	ش	ا	ک	ت	ن	ک
تنصیف	ج	ب	ھ	ب	ش	ک	ق	م	ی	ش	ا	ا	م	ک	ب	ت	ی	ن	ر	ک
امتزاج																				

خالص حروف	ج	ب	ھ	ش	ک	ق	م	ی	ا	ت	ن	ر
مؤخر صدر	ر	ج	ن	ب	ت	ھ	ا	ش	ی	ک	م	ق
مؤخر صدر	ق	ر	م	ج	ک	ن	ی	ب	ش	ت	ا	ھ
مؤخر صدر	ھ	ق	ا	ر	ت	م	ش	ج	ب	ک	ی	ن
خود نصف دوگنا	خود	دوگنا	خود	خود	خود	خود	خود	نصف	دوگنا	خود	خود	خود
مستحصلہ	ھ	ر	ا	ر	ت	م	ش	ب	د	ک	ی	ن
ترتیب	ب	ھ	ا	ر	ت	ک	ر	د	ش	م	ن	ی
جواب	بھارت					کر			دشمنی			

''بھارت کر دشمنی'' واللہ اعلم باالصواب

تشریح: پاکستان کو بھارت سے زیادہ دشمنی کا خطرہ ہو سکتا ہے۔

یَاعَلِیْمُ: چھبیس جولائی دو ہزار پچیس عیسوی (26-07-2025) پاکستان کو کس ملک سے دوستی رکھنا بہتر ہوگا؟

خالص حروف: ب ا ک س ت ن و م ل ی د ر ھ ج ز ع

نمبر شمار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶
خالص حروف	ب	ا	ک	س	ت	ن	و	م	ل	ی	د	ر	ھ	ج	ز	ع
مؤخر صدر	ع	ب	ز	ا	ج	ک	ھ	س	ر	ت	د	ن	ی	و	ل	م
مؤخر صدر	م	ع	ل	ب	و	ز	ی	ا	ن	ج	د	ک	ت	ھ	ر	س
جمل مفردہ	۱۳	۱۰	۱۲	۹	۱۳	۱۴	۱۲	۱۱	۱۰	۸	۱۲	۹	۱۰	۱۴	۱۲	۱۷
مستحصلہ	ص	ت	ک	ح	ز	ج	غ	ب	ر	س	و	ط	ش	ش	ق	ی
مؤخر صدر	ی	ص	ق	ت	ش	ک	ش	ح	ط	ز	و	ج	س	غ	ر	ب
نصف	ھ	ف	ن	ر	ر	ی	ر	د	ح	و	ج	ب	ل	ث	ق	ا
تنصیف	د	م	م	ق	ق	ھ	ق	ب	د	ج	ب	ا	ک	ت	ن	ا
امتزاج	د	د	م	ج	م	ب	ق	ا	ق	ک	ھ	ت	ق	ن	ب	ا

خالص حروف	د	م	ج	ب	ق	ی	ا	ک	ھ	ت	ن
مؤخر صدر	ن	د	ت	م	ھ	ج	ک	ب	ا	ق	ی
مؤخر صدر	ی	ن	ق	د	ا	ت	ب	م	ک	ھ	ج
مؤخر صدر	ج	ی	ھ	ن	ک	ق	م	د	ب	ا	ت
خود نصف	خود	خود	نصف	خود	خود	نصف	خود	خود	خود	خود	نصف
مستحصلہ	چ	ی	د	ن	گ	ن	م	د	ب	ا	ر
ترتیب	چ	ی	ن	م	د	د	گ	ا	ر	ب	ن
جواب	چین			مددگار				بن			

''چین مددگار بن''

واللہ اعلم بالصواب

تشریح: ملک چین سے پاکستان کی دوستی بہتر ہوسکتی ہے۔

یَاعَلِیْمُ: وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف کیلئے ماہ ستمبر دو ہزار پچیس عیسوی (2025ء) کیسا رہے گا؟

بسط حرفی: و ز ی ر ا ع ظ م ب ا ک س ت ا ن م ی ا ں ش ھ ب ا ز ش ر ی ف ک ی ل ی م

ا ھ س ت م ب ر د و ھ ز ا ر ج ی س ع ک س و ی ک ی س ا ر ھ ی گ ا

نمبر شمار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
اسمائے نورانیہ	ع	ل	ی	م	ب	ص	ی	ر	خ	ب	ی	ر
مفرد اعداد	۷	۳	۱	۴	۲	۹	۱	۲	۶	۲	۱	۲
حاصل حروف	ظ	ا	ک	ن	ی	ر	ی	ک	ا	س	ت	ب

خود نظیرہ ہم رُتبہ	ہم رُتبہ	خود	ہم رُتبہ	ہم رُتبہ	نظیرہ	خود	خود	خود	خود	خود	خود
مستحصلہ	ط	ا	ر	ھ	خ	ر	ی	ک	ا	س	ت	ب
ترتیب	خ	ط	ر	ہ	ک	ر	ے	ا	س	ب	ت	ا
جواب	خطرہ				کرے			اِس		بتا		

"خطرہ کرے اِس بتا"

واللہ اعلم باالصواب

یَا عَلِیْمُ: ماہ ستمبر دو ہزار پچیس عیسوی (2025ء) پاکستانی عوام کیلئے کیسا رہے گا؟

بسط حرفی: م ا ھ س ت م ب ر د و ھ ز ا ر ب ج ی س ع ی س و ی ب ا ک س ت ا ن ی ع و ا م ک ی ل ی ی ک ی س ا ر ھ ے گ ا

نمبر شمار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
اسمائے نورانیہ	ع	ل	ی	م	ب	ص	ی	ر	خ	ب	ی	ر
مفرد اعداد	۷	۳	۱	۴	۲	۹	۱	۲	۶	۲	۱	۲
حاصل حروف	ب	و	ھ	ب	ی	ک	س	ا	م	ی	ل	ی
خود ہم رُتبہ نظیرہ	خود	خود	خود	خود	خود	خود	خود	خود	ہم رُتبہ	نظیرہ	خود	ہم رُتبہ
مستحصلہ	ب	و	ھ	پ	ی	ک	س	ا	ت	خ	ل	ا
ترتیب	ک	ھ	و	ب	ا	ل	س	خ	ت	پ	ا	ے
جواب	کہہ			دبال				سخت		پائے		

"کہہ دبال سخت پائے"

واللہ اعلم باالصواب

مختصر کرشمات مؤکلات سے عملیات کا خزانہ۔ ایک جامع اور منفرد کتاب

کرشمات مؤکلات

از قلم: مجید الماس

قیمت 500/- روپے

علم جفر پر ایک آسان اور سہل تصنیف

خزینہ جفر

از قلم لیاقت اللہ قریشی

قیمت 700/- روپے

محمد منشور عالم صدیقی کے قلم سے قدیم و جدید حاضرات کا بہترین امتزاج

بحر الحاضرات

از قلم: منشور عالم صدیقی

قیمت 500/- روپے

آئینہ قسمت
ستمبر 2025ء
حروفِ صوامت کا چھلا
برائے خیر و برکت
جادو، جنات، تعویذات، بندش، رشتوں کی بندش، نوکری کی بندش، چلتا ہوا کاروبار بند ہونا اور تمام لاعلاج بیماریوں کا علاج
زنجانی جیمز سٹون
ویب سائیٹ پر آرڈر کریں
VISIT OUR WEBSITE www.zanjani.pk ORDER NOW
حروف صوامت کے مؤکلات
باطنی وظاہری اور سفلی واعوان
انتخاب: سید مسعود علی زنجانی

چاند گرہن کی ابتداء 07 ستمبر 2025ء بوقت 08 بجکر 28 منٹ جبکہ خاتمہ 08 ستمبر 2025ء رات بوقت 01 بجکر 55 منٹ پر ہوگا۔
سورج گرہن کی ابتداء 21 ستمبر 2025ء رات 10 بجکر 29 منٹ جبکہ خاتمہ 22 ستمبر 2025ء رات بوقت 02 بجکر 53 منٹ پر ہوگا۔

حروف صوامت کے مؤکلات کا تذکرہ اس لئے ضروری خیال کیا گیا تا کہ عاملین جو عمل بنائیں وہ پڑھتے وقت ان مؤکلات سے کام لے سکیں اور انہیں کسی قسم کی دشواری پیش نہ آئے۔ اب میں ترتیب وار ان کے مؤکلات کا تذکرہ کروں گا۔ نقشہ کو ذہن میں رکھیں۔

نمبر شمار	حروف	مؤکل باطنی وظاہری	مؤکل سفلی واعوان
1	ا	اسرافیل۔آئیل	ایوش۔فیوش
2	ح	تنتفیل۔حائیل	حیوش۔عیوش
3	د	دردائیل۔دائیل	دیوش۔طیوش
4	ر	اموائیل۔رائیل	دھوش۔ریوش
5	س	ہموائیل۔سائیل	سیوش۔لغیوش
6	ص	اہمائیل۔صائیل	میوش۔فلایوش
7	ط	اسمائیل۔طائیل	یدیوش۔طیوش
8	ع	لومائیل۔عائیل	فشیوش۔عیوش
9	ك	خروزائیل۔کائیل	قدیوش۔کیوش
10	ل	طاطائیل۔لائیل	عدیوش۔لیوش
11	م	رویائیل۔مائیل	مجیوش۔میوش
12	و	رفتمائیل۔وائیل	یویوش۔ویوش
13	ہ	دوریائیل۔ہائیل	ھیوش۔ھوش

اگر آپ نے اس نقشہ کو ذہن نشین کر لیا تو آپ کے لئے حروف صوامت سے اعمال ترتیب دینا بالکل آسان ہو جائے گا۔ دوسرے اگر آپ ورد کے طور پر روزانہ صرف 13 بار ان مؤکلات کے ناموں کو پڑھنے کا اہتمام کر لیں تو یہ تمام مؤکلات آپ کے دوست بن جائیں گے اور بغیر چلّہ کشی کے آپ صرف ان کے نام لے کر کوئی کام ان کے سپرد کریں گے تو وہ آپ کے ہر جائز کام اللہ کے حکم سے کر دیا کریں گے۔ یہاں میں یہ عرض کر دوں کہ اگر حروف صوامت کے اعداد جو 543 ہیں ان میں نام سائل مع والدہ کے اعداد اور مقصد کے اعداد جمع کر کے نقش مثلث بنا کر نقش کے نیچے ان تمام مؤکلات کے نام لکھ کر نقش کو عناصر کے لحاظ سے استعمال کریں تو انشاءاللہ فوراً کام ہوگا۔

حروف صوامت کا تعلق حروف نورانی سے

ابجد کے انھائیس حروف میں سے 14 حروف نورانی ہیں اور 14 ہی ظلماتی۔ نورانی حروف میں سے صرف 3 حروف یعنی (ی ق ن) ایسے ہیں جو بانقطہ ہیں باقی گیارہ حروف کا تعلق حروف صوامت سے ہے۔ اس بات سے یہ اندازہ کرنا کچھ مشکل نہیں کہ حروف صوامت کی کتنی اہمیت ہے۔ اب اگر ہم ان روحانی حروف کو لے کر ان کو اعمال خیر و شر میں استعمال کرنا چاہیں تو اس کا طریقہ کار یہ ہے کہ ان 11 حروف کے عدد رقمی جو 533 بنتے ہیں ان اعداد

میں طالب اور مطلوب کے اعداد مع نام والدہ شامل کر کے مقصد کے مطابق اللہ کا نام لیں اور اس کے عدد بھی ان اعداد میں جمع کر لیں۔ اب ان تینوں اقسام کے اعداد کے مجموعہ سے نقش مثلث بنا کر عنصری ترتیب کے مطابق استعمال کریں۔ انشاءاللہ فائدہ ہوگا۔

مثلاً ہم عبدالرحمٰن ابن فاطمہ کے لئے کشائش رزق کے لئے نقش بنانا ہے تو اس کے لئے سب سے پہلے حروف کے اعداد **533** لئے۔ اس کے بعد سائل کے نام مع والدہ کے اعداد لئے جو **540** بنتے ہیں۔ اس میں اللہ کے نام یا رزاق کے اعداد **308** لئے ان تینوں اعداد کا مجموعہ **1381** ہے۔ حسب قاعدہ اس سے **12** قانون کے عدد نفی کئے تو باقی **1369** بچے۔ ان کو **3** پر تقسیم کیا تو حاصل قسمت **456** آیا اور باقی بچا ایک۔ یہ کسر ہے اس لئے خانہ **7** میں ایک کا اضافہ کریں گے۔ چونکہ یہ نقش کشائش رزق کے لئے ہے اس لئے اس نقش کو بادی چال سے لکھیں گے۔ یہ نقش دو عدد لکھے جائیں گے۔ ایک سائل اپنے پاس رکھے گا اور دوسرا کسی پھلدار درخت کے ساتھ باندھ دے گا تاکہ ہوا سے ہلتا رہے اور کسی نماز کے بعد اسم یا رزاق کو مجموعہ کے اعداد کے مطابق یعنی **1381** بار روزانہ پڑھے۔ انشاءاللہ ہفتہ کے اندر سائل کو خود معلوم ہو جائے گا کہ اس کے رزق میں کتنی برکت ہوگئی ہے نقش درج ذیل ہے۔

چال نقش بادی

۲	۷	۶
۹	۵	۱
۴	۳	۸

نقش یہ ہے:

۷۸۶

۴۵۷	۴۶۳	۴۶۱
۴۶۵	۴۶۰	۴۵۶
۴۵۹	۴۵۸	۴۶۴

اسی طرح اگر ہم بغض، جدائی، نفرت یا بندش کے نقش بنائیں گے تو ان حروف کے اعداد یعنی **533** میں دیگر دو قسم کے اعداد شامل کر کے نقش مثلث بنائیں گے اور آتشی چال مقلوبی سے لکھیں گے۔ مثلاً ہم نے زید ابن سکینہ اور زہرہ بنت افشاں کے درمیان جدائی کے لئے نقش بنانا ہے تو ان چاروں ناموں کے مع والدہ کے اعداد لے کر ان میں آیت بغض کے عدد شامل کر کے نقش بنائیں گے۔

سورۃ مائدہ کی آیت بغض یہ ہے۔

وَ اَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَ الْبَغْضَاءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ عدد اس کے **3337** ہیں۔ حروف کے اعداد **533** چاروں ناموں کے اعداد **815** اور آیت کے اعداد **3337** کا مجموعہ **4685** بنا۔ اس مجموعہ میں سے **12** قانون کے نفی کئے تو باقی **4673** بچے۔ ان اعداد کو **3** پر تقسیم کیا تو حاصل قسمت **1557** آیا اور باقی **2** کسر کے بچے اس لئے خانہ **4** میں ایک کا اضافہ کریں گے۔ نقش آتشی چال سے پُر کیا گیا ہے اور چال بھی دی گئی ہے۔

آتشی چال مقلوبی

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

نقش درج ذیل ہے:

۷۸۶

۱۵۶۳	۱۵۵۷	۱۵۶۵
۱۵۶۴	۱۵۶۲	۱۵۵۹
۱۵۵۸	۱۵۶۶	۱۵۶۱

یہ ایک ایسا راز ہے جسے عامل کسی پر ظاہر نہیں کرتے کیونکہ نقش بنانے کے بعد اگر اس کا طریقہ استعمال نہ بتایا جائے تو نقش بیکار ہے۔ چونکہ مندرجہ بالا نقش بغض و عداوت و جدائی کے لئے ہے اور مقلوبی آتشی چال سے لکھا گیا ہے اس لئے جن کے لئے یہ نقش بنایا گیا ہے جب اس نقش کو گرمی پہنچائی جائے گی تو ویسے ہی ان کے درمیان غصہ اور ایسے جذبات پیدا ہوں گے جن سے یہ آپس میں لڑائی جھگڑا کریں گے اور ایک دوسرے سے جدا ہو جائیں گے۔ اسی طرح عامل نورانی حروف کے اعداد کو استعمال کر کے اپنی مرضی کے مطابق اعمال خیر و شر بنا کر سائل کو دے سکتا ہے۔ مگر اس کے ساتھ لازمی شرط یہ ہے کہ قواعد و ضوابط کا لحاظ رکھا جائے۔ یعنی نقش لکھتے وقت خاموش رہیں۔ بخورات اور صدقہ

متعلقہ ستارے کا جس میں یہ نقش لکھا جائے گا سائل کو بتا دیا جائے اور اس سے مہیا کرایا جائے تا کہ نقش فوری کام کرے۔

عمل خیر و شر کے لئے نقش نیک ساعت میں سیدھی چال سے لکھا جائے اور عمل شر و بندش کیلئے زحل، مریخ یا عطارد کی ساعت میں لکھا جائے۔ یہ بات پیش نظر رہے کہ سائل وہی تیار کر سکتا ہے جس نے حروف صوامت کی زکوٰۃ باقاعدہ ادا کی ہے۔ فرض کریں کہ کسی آدمی نے زکوٰۃ نہیں ادا کی اور اسے فوری عمل کی ضرورت پیش آ گئی ہے اور حروف صوامت کی زکوٰۃ کے لئے چاند گرہن یا سورج گرہن کا وقت مقرر ہے اور یہ وقت جلد نہیں آ رہا تو عامل یہ کرے کہ پہلے ان حروف کی متعلقہ منازل قمر میں سے کسی منزل میں بھی حروف صوامت کو **543** بار شرائط کے ساتھ لکھ کر نقش تیار کر سکتا ہے لیکن یہ زکوٰۃ صرف ایک بار کام کرے گی۔ البتہ اگر ہر ماہ یہ حروف جن جن منازل قمر سے وابستہ ہیں ان میں اس حرف کو **543** بار لکھتا رہے اور پھر جب چاند گرہن یا سورج گرہن آئے تو تجدید عمل کرتا رہے تو اس طرح **13** سال میں ان حروف کی زکوٰۃ کبیرا ادا ہو جائے گی۔ عام حالت میں صرف روزانہ **13** بار لکھنے کا معمول بنا لے تو عمل قبضہ میں رہے گا۔

حروف صوامت کا تعلق کلمہ طیبہ سے

یہ ایک قدرت کا راز ہے کہ کلمہ طیبہ کے اندر کوئی حرف نقطہ والا نہیں ہے۔ اس کلمہ شریف میں جتنے حروف ہیں ان سب کا تعلق حروف صوامت سے ہے۔ یہ کلمہ طیبہ جو "ل" سے شروع ہو کر "ہ" پر ختم ہوتا ہے اس کے کل اعداد **619** ہیں۔ جس کا مفرد عدد **7** بنتا ہے جو اس بات کی دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس پوری کائنات کا نظام چلانے کے لئے جو غیبی قوانین مقرر کئے ہیں ان کے اندر عدد سات کو بنیادی حیثیت دی گئی ہے۔ کیونکہ زمینیں سات ہیں، آسمان بھی سات ہیں اور بڑے بڑے ستارے بھی سات ہی ہیں، ہفتہ کے دن بھی سات ہیں جن کی میزان **=28 4x7** بنتی ہے اور ابجد کے حروف کی تعداد بھی **28** ہی ہے۔ ان حروف کے اندر **13** صوامت کے ہیں جن کا مفرد عدد **4** بنتا ہے۔ اب اگر **28** کو **4** پر تقسیم کیا جائے تو جواب **7** آئے گا۔ اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ ہمارا کلمہ طیبہ جس کے اندر کوئی حرف نقطہ والا نہیں ہے ایک لحاظ سے حروف صوامت ہی کی بازگشت ہے۔

اب اگر ہم اس کلمہ پاک کو جس کے عدد **619** ہیں حروف صوامت کی تعداد یعنی **13** سے ضرب دے کر دیکھیں تو ہمیں **8047** اعداد حاصل ہوتے ہیں جن کا مفرد عدد ایک بنتا ہے جو حروف (ا) الف یعنی اسم ذات کا پہلا حرف ہے اور اس کا عدد بھی ایک ہے۔ اس سے یہ معلوم ہوا کہ کلمہ طیبہ خالص توحید ہے اسے ہم اس طرح بھی کہہ سکتے ہیں کہ یہ کلمہ شریف اگر کوئی آدمی اس کے اعداد کے مطابق جو **619** ہیں پڑھے یا اس کا نقش مثلث بنا کر اپنے پاس رکھے تو اسے دین اور دُنیا دونوں حاصل ہوں گی۔ یہ نقش چونکہ فتوحات کیلئے ہے اس لئے بادی چال سے لکھا جائے گا۔

اصل نقش کلمہ طیبہ

۷۸۶

۲۰۷	۲۰۹	۲۰۳
۲۰۲	۲۰۶	۲۱۱
۲۱۰	۲۰۴	۲۰۵

چال نقش بادی

۶	۷	۲
۱	۵	۹
۸	۳	۴

یہ نقش قواعد و ضوابط کو مدنظر رکھتے ہوئے جس کو لکھ کر دیں گے اور کلمہ طیبہ اس کے اعداد کے مطابق یعنی **619** بار پڑھنے کے لئے بتائیں گے تو اس آدمی کو جس کے پاس یہ نقش ہوگا فتوحات غیبی حاصل ہوں گی۔ یہ نقش آپ یوں بھی بنا سکتے ہیں جو زیادہ مؤثر ہوگا یعنی کلمہ شریف کے اعداد **619** میں نام سائل مع والدہ کے اعداد کو جمع کر کے حسب قاعدہ نقش مثلث بنا کر دیں اور مقصد کے مطابق چال سے لکھیں اور نقش کے نیچے وہ مقصد لکھ کر دیں۔ سائل کو فائدہ ہوگا۔ ساتھ میں اسے یہ بھی بتائیں کہ وہ روزانہ کلمہ طیبہ **619** بار پڑھتا رہے۔

اللہ تعالیٰ ہر مسلمان کو یہ عمل کرنے کی توفیق دے اور اس عمل کی برکت سے اسے فلاح دارین حاصل ہو آمین۔ ایک بات اور عرض کر دوں کہ اس کلمہ شریف سے ہمیشہ عمل خیر ترتیب دیں۔ عمل شر یا بندش وغیرہ میں استعمال میں نہ لائیں ورنہ گناہ عظیم ہوگا۔

خلاف پیغمبر کسے راہ گزید
کہ ہرگز بمنزل نخواہد رسید

مولائے کل علی علیہ السلام کا خطبہ مربوط بہ حروف صوامت

خالق کائنات نے حضرت آدمؑ کی ظاہرہ تخلیق سے حضور اکرمؐ تک علم و عقل کو نہ صرف امتیاز بخشا بلکہ اس کو دین فطرت کی بنیاد قرار دیتے ہوئے ادیان عالم کے مقابلے پر حکمت سے سرشار قرآن کو معیار ہدایت قرار دیا۔ نیز قرآن کو میزان عقل پر سمجھانے کیلئے لامحدود انبیاءؑ۔ رسلؑ۔ اصفیاءؑ اور آئمہ معصومینؑ کو عالمین پر امتیاز بخشتے ہوئے وارثانِ کتاب قرار دیا۔ ثُمَّ اَوۡرَثۡنَا الۡکِتٰبَ الَّذِیۡنَ اصۡطَفَیۡنَا مِنۡ عِبَادِنَا (سورۃ ناظر آیت 32)

(پھر ہم نے اپنے بندوں میں سے خاص ان کو قرآن کا وارث بنایا جنہیں (اہل سمجھ) کر منتخب کیا۔) تاکہ ان ہستیوںؑ کی سیرت پر عمل پیرا ہونے سے عقل کو روحانی راہنمائی میسر آتی رہے اور انہی ہستیوں کی اطاعت کو اپنی اطاعت قرار دیا۔ معلم ملائکہ ابلیس نے جب علم و عقل کی گہرائی کے فلسفے کو سمجھا تو فوراً تکبر و حسد میں آ کر سجدہ آدم کا انکار کر دیا۔ اپنی قیاسی دلیل سے علم و عقل کی مخالفت کی اور وقت مقررہ تک مردود ہونا گوارا کیا کیونکہ قرآن کریم کی رو سے علم و عقل کی کسوٹی کی پیروی ہی کا نام صراط مستقیم ہے اور شیطان نے ان دونوں امتیازی خصوصیات کو تسلیم ہی نہیں کیا بلکہ اختلاف اور فتنہ کے راستے کو اپنا شعار بنا کر علم و عقل کی اہمیت پر عمل کرنے والوں کا تا ابد دشمن بن گیا نیز یہ سلسلہ وقت مقررہ تک جاری رہیگا۔

جہاں علوم روحانی میں حروف صوامت کی اہمیت واضح ہے نیز گرہنوں کے اوقات میں خصوصاً اس سے مفید اعمال کی طرف توجہ دلائی جاتی رہتی ہے۔ وہیں ادبی صنعتوں میں ایک صنعت ''غیر منقوط'' کی ہے اس صنعت کو ''بے نقطہ'' اور ''صنعت مہملہ'' کے نام سے بھی پکارا جاتا ہے جو کہ دراصل حروف صوامت کی بنیاد پر انحصار کرتی ہے۔ صنعت غیر منقوط کی مثالیں قرآن کریم کی آیات سے بھی پیش کی جاسکتی ہیں مثلاً

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ۔ الٓمٓ۔ سَمِعَ اللّٰہُ۔ حدود اللہ۔ لِلسَّائِلِ وَالمحروم۔ وَالعصر۔ اللہ الصمد۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ۔ وَھُوَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ لَہُ الۡحَمۡدُ نیز ہر وقت پڑھنے کا کلمہ بھی اسی صفت کی بے مثال گردان ہے۔

حضرت علی علیہ السلام کا ایک مکمل خطبہ ایسا ہے جس میں کوئی نقطہ استعمال نہیں ہوا۔ یہ پورا خطبہ اور اس کا ترجمہ مندرجہ ذیل ہے۔ یہ جہاں عربی ادب کا شاہکار ہے وہیں حروف صوامت کا مکمل احاطہ کئے ہوئے ہے۔

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الۡمَلِکِ الۡمَحۡمُوۡدُ المَالِکِ الوَدُوۡد مُصَوِّرِ کُلِّ مَوۡلُوۡدٍ وَ مَالِ کُلِّ مَطۡرُوۡدٍ سَاطِحِ الۡمِھَادِ مَوۡطِدَ الۡاَوۡطَارِ وَ مُرۡسِلَ الۡاَمۡطَارِ وَمُسۡھِلِ الۡاَوۡطَارِ عَالِمَ الاسۡرَارِ وَ مُدۡرِکِھَا وَ مُدۡبِرِ الاملاک وَمُھۡلِکِھَا وَ مَکَرَ اللّٰھُوی وَمُکَرِّھَا وَمُوۡرِدِ الۡاُمُوۡرِ وَ مصدرھَا عَمَّ صَمَاحَۃَ وَ کَمُلَ رُکَامُہٗ وَھَمَلَ قَطَارَعَ السَّوالَ وَالامَلَ واَوۡسَعَ الرَّمَلَ وارۡمَلَ اَحۡمَدُہٗ حَمَّدَ اَحۡمَدَ وَدَامَدَاہ وَوَادَحِدَّہٗ وَحۡدَہُ الۡاَوَّاہُ وَھُوَ اللّٰہُ لَا اِلٰہَ لِلاَمۡرِ سِرَاہُ وَلاَ صَادِعَ لِمَا عَدَّلَہٗ وَسَوَّاہُ اُرۡسَلَ مُحَمَّدًا عَلَمًا لِلسلاَمِ وَاِمَامًا لِلۡحُکَّامِ وَ مُسۡدَّرَّ اللِّرِعَاعِ وَ مُعۡطَلاً احۡکَامَ رُدِّ و سُواعِ اَعۡلَمَ وَ عَلَّمَ وَ حَکَمَ وَ اَحۡکَمَ وَ اَصَّلَ الۡاُصولَ وَ مَھَّدَ وَّلکَدَّالۡوَعُوۡدَ وَ اَوۡعَدَ

اَوْصَلَ اللّٰہُ لَہٗ الْاَکْرَامَ وَاَودعَ رُوْحَہُ السَّلَامَ وَرَحِمَ لَہٗ وَ اَھْلَہٗ الْکِرَامَ مَا لَمَعَ الی وَمَلَعٌ وَاَلٌ وَ طَلَعَ ھَلَالٌ وَ سَمَعَ اِھْلَالٌ اِعْلَمُوْ اَرْعَاکُمُ اللّٰہُ اصْلَحَ الْاَعْمَالَ وَاسْلَکُوْا سَالِکَ الحلال واُطْرَحُوْا الْحَرَام ودَعوہٗ وَالْسَمَعُوْا امر اللّٰہِ دَعُوْہٗ وَصِلُوا الْاَرْحَامَ وَرَاعُوْھَا وَ عَاصُوا الْاَھْوَآءَ وَاَرْرَعُوْھَا وَصَاھِر واَھْلَ الصَّلَاحَ وَالْوَرعُ وَصَارِ مُوْارَھْطَ اللَّھُوْد الطَّبَعُ وَمَصَاھِرُکُمْ اَطْھَر الْاَحْوَارِ مَوْلِدًا وَ اَسْرَاھُمْ سَرْدوّ او اَحْلَاھُمْ مُوْرِدًا وَ حَرَّمُوْا اَمْلَمَ وَحَلَّ حَرَّمُکُمْ مَلِکَ عَرُوْسَکُمْ الْمَکَرَّمَ وَمَاھِراً اَلَھَا کَمَا مَحْضَرَ رَسُوْلُ اللّٰہِ اُمِّ سَلْمَہ وَھُوَا کَرَمُ صِھْراً اَوْدَعَ الْاَولَادَ وَمَلَکَ مَا اَرَادَ اَوْمَا سَمَا مَمِّلِکَہُ وَلْاَوَھِمَ وَلاَ وَ کِسَ مُلَاحِمُہٗ وَلاَ وصِمَ اَسْئَلُ اللّٰہُ لَکُمْ اِحْمَادَ وَصَالِہٖ وَدَوَامَ اسْعَادِہٖ وَلَھَمَ کَلَّا اِصْلَاحَ حَالِہٖ وَالِاْ عْدَا دَلِمَالَہٖ وَمَعَارِہٖ وَلِہٗ اَلْحَمْدُ والشَّرمَدُ ووالْمَدَحُ لِرَسُوْلِہٖ احمدo

میں اللہ کی حمد کرتا ہوں جو بادشاہ ہے حمد کردہ مالک ہے محبت کرنے والا ہر مولود کا مصور اور ہر ٹھکرائے ہوئے کی بازگشت ہے۔ فرش زندگی بچھانے والا پہاڑوں کا قائم کرنے والا بارش کا بھیجنے والا اور سختیوں کا آسان کرنے والا ہے وہ اسرار کا جاننے والا مدرک اور ملکوں کا برباد کرنے والا اور زمانوں کا گردش دینے والا ان کو لوٹانے والا اور امور کا مورد و مصدر ہے اس کی سخاوت عام ہے اور اس کا انتظام کامل ہے اس نے مہلت دی ہے اور سوال و امید میں مطاوعت پیدا کی اور رمل وارمل کو وسعت دی۔ میں اس کی حمد کرتا ہوں ایسی حمد کہ جو طویل ہے اور اس کی توحید بیان کرتا ہوں جیسا کہ اس کی طرف رجوع ہونے والوں نے بیان کیا ہے۔ وہی وہ خدا کہ امتوں کا اس کے سوا کوئی خدا نہیں۔ کوئی اس شخص کا بگاڑنے والا نہیں جس کو اُس نے دوست کیا ہو۔ اس نے محمدؐ کو اسلام کا علم اور حکام کا امام 'زیادتیوں کا روکنے والا اور وداور سواع (دونوں بت ہیں) کے احکام کو باطل کرنے والا بنا کر بھیجا اس نے تعلیم دی اور حکم دیا اور اصولوں کو مقرر کیا اور ہدایت کی وعدہ وفائی کی تاکید کی اور اللہ نے اکرام کو اس کے ساتھ متصل کر لیا اور ودیعت کی روح کو سلامتی کے ساتھ اور اس پر رحم اور اس کے اہل بیت کو مکرم کیا جب تک سراب کی چمک باقی ہے اور چاند روشن ہے اور ہلال کو دیکھنے والا ستارہے' جان لو خدا تم سے رعایت کرے تمہارے اعمال کی اصلاح کرے حلال کے راستوں پر گامزن رہو اور حرام کو ترک کرو اور حکم خدا کو مانو اس کی حفاظت کرو اور صلہ رحم کرو اور اس کی رعایت کرو اور خواہشات کی مخالفت کرو' ان کر چھوڑو اور نیکوکاروں کی مصاحبت اختیار کرو لہو ولعب اور لالچیوں سے جدائی اختیار کرو۔ تمہارے ہم صحبت لوگ معاملات کی حیثیت سے پاک و پاکیزہ ہوں اور سرداری کی حیثیت سے منتخب ہوں بحیثیت میزبان کے شیریں بیان ہوں اور آگاہ ہوں کہ اسی نے حرام کیا ہے تمہاری ماؤں کو اور حلال کیا ہے تمہاری بیویوں کو اور مالک بنایا ہے تم کو تمہاری مکرم دولہنوں کا اور بنایا ہے تم کو ان کا مہر دینے والا جیسا کہ رسول اللہ نے ام سلمہ کا مہر ادا کیا وہ خسر کی حیثیت سے بزرگ ترین ہستی ہیں۔ انہوں نے اولاد چھوڑی اور مالک بنایا ہر اُس چیز کا جو انہوں نے چاہا اس مالک بنانے والے نے نہ ہی سہو کیا اور نہ وہم وغفلت۔ میں اللہ سے تمہارے لئے سوال کرتا ہوں کہ ان کے وصال کی اچھائیاں تمہیں ملیں اور ان کی سعادت کی مداومت حاصل ہو اور کل کے لئے اصلاح حال کی اور اس کے مآل ومعاد کے سامان کے لئے یعنی اس کی دُنیا وآخرت کی بہبودی کیلئے خواہش کرتا ہوں حمد وہمیشگی اسی کیلئے ہے اور مدح اس کے رسولؐ کے لئے ہے جس کا نام احمدؐ ہے۔

حروف صوامت کی متعلقہ منازل اور حروف کا مولودگی زندگی پر اثر

چاند گرہن کی ابتداء 07 ستمبر 2025ء بوقت 08 بجکر 28 منٹ جبکہ خاتمہ 08 ستمبر 2025ء رات بوقت 01 بجکر 55 منٹ پر ہوگا۔
سورج گرہن کی ابتداء 21 ستمبر 2025ء رات 10 بجکر 29 منٹ جبکہ خاتمہ 22 ستمبر 2025ء رات بوقت 02 بجکر 53 منٹ پر ہوگا۔

حروف صوامت کی باطنی قوت حاصل کرنے کیلئے اپنے نام سے منسوب حرف چھلے کی شکل میں آرڈر کریں۔ www.zanjani.pk

قارئین آئینہ قسمت اور شائقین علم جفر کیلئے مجرب اعمال گرہن حاضر خدمت ہیں جو کہ نہایت سریع التاثیر ہیں۔ زنجانی جنتری میں شاہ زنجانی صاحب نے ''معجزہ نما حروف صوامت پر تفصیلی مضمون لکھ کر پاکستان بھر کے عاملین وشائقین کو ایک نئی روشنی دکھائی تھی۔ عقود جمع ہے عقد کی جس کے معنی باندھنا کے آجاتا ہے۔ یعنی عقد اللسان' عقد النوم' عقد النکاح وغیرہ۔ قارئین ایسے اعمال کرنے والے کے پاس کوئی ایسا پیمانہ نہیں جس سے وہ یہ دیکھ سکتا ہو کہ کیا ایسے اعمال کرنا درست ہے جب تیر کمان سے نکل جائے تو وہ لگے گا تو ضرور بلکہ کرنے والے کو سوچنا چاہئے کہ جس کے خلاف کیا جارہا ہے وہ بھی مخلوق خدا ہے کیا اُس کی حق تلفی تو نہیں ہورہی۔ آج کل ہزاروں ایسے اشتہاری عاملین ہیں جو چند ٹکوں کی خاطر مخلوق خدا کو تنگ کررہے ہیں۔ بہرحال اصل موضوع کی طرف آتے ہیں۔ 28 حروف قمری میں سے 13 حروف ایسے ہیں جو کہ بے نکات ہیں۔ اُنہیں حروف صوامت کہا جاتا ہے۔ اس کے متعلق علمائے جفر بارہا مرتبہ تجربات کرچکے ہیں یہ تیر کی طرح کام کرتے ہیں بلکہ اسے سفید جادو کہنا بجا ہوگا۔ اکثر ان سے قمر در عقرب یا گرہن کے اوقات میں تیار کردہ اعمال برائے عقد 24 گھنٹوں کے اندر اندر کام دکھادیتے ہیں۔ حروف صوامت جن کی تعداد تیرہ ہے درج ذیل ہیں۔

ا ح د ر س ص ط ع ك ل م و ہ

اب ہم حروف صوامت کی متعلقہ منازل اور حروف کے مولود کی زندگی پر اثرات کے بارے میں تفصیل پیش کرتے ہیں۔

پہلا حرف الف (ا)

حروف صوامت کا پہلا حرف (ا) اور منزل شرطین برج حمل اور ستارہ مریخ ہے۔ اس منزل کے حرف کا مزاج آتشی ہے۔ چاند جب اس منزل میں نزول کرتا ہے تو دُنیا میں جلال کی کیفیت طاری رہتی ہے۔ فساد اور خون، قتل وغارت گری، ظلم وزیادتی کا بازار گرم ہوجاتا ہے۔ حکماء اس وقت میں کچھ حرکت نہ کرتے تھے بلکہ آرام سے لیٹ جاتے تھے لیکن چونکہ لیٹنے سے اگر نیند آجاتی ہے تو خواب ہائے

پریشان دکھائی دیتے ہیں۔اس لئے سونا یا لیٹنا اچھا نہیں بلکہ اس وقت دشمن کو مقہور کرنے کے لئے عمل پڑھیں یا نقش لکھیں۔ کیونکہ یہ نحس وقت ہے اس لئے تمام وہ اعمال یا نقوش جن کا تعلق اعمال شر سے ہو کریں۔ جو بچہ اس منزل میں اس حرف کے تحت پیدا ہوتا ہے بڑا شریر اور فسادی ہوتا ہے۔لہٰذا والدین کا فرض ہے کہ وہ بچے کی تعلیم و تربیت کا خاص اہتمام کریں تا کہ بچے کے مزاج میں جو تخریبی عنصر گھس گیا ہے اسے استعمال کرنے کا موقع اسے نہ مل سکے اور وہ اچھی تعلیم و تربیت سے مائل بہ اصلاح ہو جائے۔ اس منزل کے وقت اسم ذات جتنا پڑھ سکتے ہیں پڑھیں۔اسم ذات یا اللہ ہے اور بخور اس کا سایہ مرچ اور سیاہ دانہ ہے۔

دوسرا حرف حا (ح)

اس حرف کی منزل نثرہ ہے جب قمر اس منزل میں نزول کرتا ہے تو حکم الٰہی سے ایسی روحانیت نازل ہوتی ہے کہ جس سے دُنیا میں عداوت اور بغض اور دیگر رزائل پیدا ہوتے ہیں۔اس لئے اس منزل میں تمام اعمال شر اور بندشیں اگر کی جائیں تو کامیاب ہوتی ہیں۔اس منزل میں جو بچہ پیدا ہوگا انتہائی منحوس ہوگا۔لیکن اس کی صحیح تعلیم و تربیت کی جائے تو وہ روبہ اصلاح ہو سکتا ہے۔اور بذریعہ عملیات و تعویذات اس کی نحوست کو کم کیا جا سکتا ہے۔ یہ منزل طلسمات اور بدُعا کے لئے مخصوص ہے کیونکہ شرائط کے تحت جو کام اس منزل میں کیا جائے گا وہ پتھر پر لکیر ہے۔ اس منزل سے وابستہ حرف سے شروع ہونے والے اسموں کو لاتعداد پڑھیں۔اسم یہ ہیں یا حی یا حمید اور بخور اس کا قسط اور پوست انار شیریں ہے۔

تیسرا حرف دال (د)

اس حرف کا تعلق منزل دبران سے ہے۔اور یہ منزل ارضی ہے جب قمر اس منزل میں آتا ہے تو زمین میں عداوت، بغض اور فساد پھیل جاتا ہے۔اس وقت نئے اعمال شروع کرنے اور حاجات طلبی سے پرہیز کرنا چاہئے۔غرض اس وقت کوئی بہتری کا کام کرنا مناسب نہیں۔البتہ مردہ دفن کرنے، پوشیدہ اور مخفی اسرار کا کام کر سکتا ہے۔اس منزل کا مولود انتہائی تنگی اور عسرت میں زندگی بسر کرے گا۔ اس منزل کی نحوست از اوّل تا آخر اسے گھیرے رکھے گی لیکن اگر کوئی صاحب نظر اس پر مہربان ہو جائے تو حالات میں بہتری پیدا ہو سکتی ہے۔اس حرف سے وابستہ اسموں کو اس منزل کے اوقات میں پڑھنا باعث برکت ہے اسم یہ ہیں۔ یَا دَائِمُ یَا دِیَّانُ جتنا ہو سکے بغیر گنے ان اسموں کو لاتعداد پڑھیں۔ منزل کی نحوست ختم ہو جائے گی۔بخور پوست اور انار شیریں اور لوبان ہے۔

چوتھا حرف را (ر)

یہ حرف چاند کی منزل نعائم سے متعلق ہے جب چاند اس منزل میں آتا ہے تو عالم میں صفائی قلب کی روحانیت پیدا ہوتی ہے۔ کیمیا کا عمل اگر اس منزل میں کیا جائے تو کامیابی یقینی ہے۔طلسمات بھی اگر بنائے جائیں تو اچھا ہے۔ جو بچہ اس منزل میں پیدا ہوگا وہ نیک بخت ہوگا اور زندگی کی ہر دوڑ میں کامیاب و کامران ہوگا۔اس منزل میں اسم الٰہی یَا رَبّ کا کھلا ورد کریں۔بخور اس کا عود اور لوبان ذکر ہے۔

پانچواں حرف سین (س)

اس حرف کا تعلق چاند کی منزل غفرہ سے ہے۔ جب چاند اس منزل میں آتا ہے تو عالم میں محبت اور راحت کی روحانیت پیدا ہوتی ہے۔اس لئے اس میں سب نیک اعمال دینی اور دُنیاوی کرنا بہتر ہیں۔ حکام سے فائدہ کے کام کئے جاتے ہیں۔زہرِ قاتل کا تریاق تیار ہوتا ہے جس سے زہر کی تکلیف جاتی رہے گی۔ کیمیا بھی خوب بنتی ہے۔روحانیت کا علاج آسان ہوتا ہے۔طلسمات بھی تیار کئے جا سکتے ہیں۔اتنی سعادت کے باوجود جو بچہ اس منزل میں پیدا ہوگا منحوس مکار اور فریبی ہوگا۔اس کی نحوست اس اسم الٰہی کے لاتعداد ورد سے زائل ہو جائے گی۔اسم یا سَمِیْعُ ہے۔بخور اس کا لوبان ذکر ہے۔

چھٹا حرف صاد (ص)

اس حرف کی منزل قلب ہے۔ جب چاند اس منزل میں آتا ہے تو نیک اعمال کی مددگار روحانیت پیدا ہوتی ہے۔اس لئے اس منزل میں نیک عمل کرنا بہتر ہے۔آلات حرب، جانور خریدنے، جانوروں کا علاج کرنے، کھیتی باڑی کرنے، درخت کاٹنے، خزانہ نکالنے، مسہل لینے، فصد کھلوانے، پچھنے لگوانے کے لئے یہ وقت بہت بہتر ہے۔ جو بچہ اس منزل میں پیدا ہوگا منحوس اور ریاکار ہوگا۔اس منزل کی نحوست کا اثر ختم کرنے کے لئے اسم الٰہی یَا صَادِقُ کا کھلا ورد کریں۔بخور اس منزل کا برگ ہلیلہ ہے۔

ساتواں حرف طا (ط)

اس حرف کی منزل کا نام طرفہ ہے۔ جب چاند اس منزل میں آتا ہے تو اس

میں ایک روحانیت نہایت خراب پیدا ہوتی ہے۔ نیک اعمال اس میں کرنا اچھا نہیں۔ کیونکہ یہ منزل منحوس ہے اس وقت کوئی طلسم یا صنعت نہیں بنانا چاہئے اور حکام سے ملاقات نہ کرے۔ کسی سے محبت نہ کرے اور کوئی عمل نہ پڑھے۔ اس وقت میں سب سے علیحدہ رہنا بہتر ہے۔ ہر عمل کے لئے یہ منزل نہایت ردی ہے۔ جو بچہ اس منزل میں پیدا ہوگا منحوس ہوگا۔ اس کی نحوست کو کم کرنے کے لئے اسم الٰہی یَا طَاهِرُ کا کھلا ورد کریں۔ بخور اس کا زعفران اور عود ہے۔

آٹھواں حرف عین (ع)

اس حرف کا تعلق قمری منزل زبانا سے ہے۔ جب چاند اس منزل میں آتا ہے تو اس میں ممتزج روحانیت پیدا ہوتی ہے۔ کتے کے کاٹے کے لئے تعویذ بنایا جاتا ہے، دشمن کے لئے عمل اور نقش لکھے جاتے ہیں۔ جو بچہ اس منزل میں پیدا ہوتا ہے وہ نیک اور سعادت مند ہوگا۔ اس منزل کے اوقات میں اسم الٰہی یَا عَلِیْمُ کا ورد جتنا کر سکیں اتنا زیادہ کریں۔ بخور اس کا بزلہ شیخ مشک کافور اور پنبہ دانہ ہے۔

نواں حرف کاف (ک)

منزل اس حرف کی زہرہ ہے جب قمر اس منزل میں آتا ہے تو اس سے غلہ، رزق اور طلب حاجات کی روحانیت پیدا ہوتی ہے۔ اسی کے موافق اس میں عمل کرنا چاہئے۔ اس کے علاوہ اس منزل میں علاج روحانیت، عمل طلسمات، خرید و فروخت حکام سے ملنا، سفر کرنا، نیا کپڑا پہننا بہتر ہے۔ جو بچہ اس منزل میں پیدا ہوگا محبوب خلائق ہوگا مگر بغض و مکر اور غرور اس میں ضرور ہوگا۔ اسم الٰہی یَا کَرِیْمُ اس منزل میں زیادہ سے زیادہ پڑھیں۔ بخور اس کا پوست اور انار شیریں، عطر اور لوبان تر ہے۔

دسواں حرف لام (ل)

اس حرف کا تعلق منزل صرفہ سے ہے۔ جب قمر اس منزل میں آتا ہے تو درمیانے درجہ کی روحانیت پیدا ہوتی ہے اس لئے اس کے مطابق عمل کرنا چاہئے۔ جو بچہ اس منزل میں پیدا ہوگا منحوس ہوگا۔ اس نحوست کو ختم کرنے کے لئے اسم الٰہی یَا لَطِیْفُ کا جتنا ورد کر سکیں کریں۔ حالات میں بہتری پیدا ہوگی۔ بخور اس کا زعفران اور لوبان ذکر ہے۔

گیارھواں حرف میم (م)

اس حرف کا تعلق منزل عوا سے ہے۔ جب چاند اس منزل میں ہو تو سوائے دریا کے سفر کے اور کوئی کام نہ کریں کیونکہ یہ منزل باقی کاموں کے لئے اچھی نہیں۔ اس منزل کی روحانیت جنسی ہیجان کو اُبھارتی ہے اور تحصیل علم کے لئے بھی سعد ہے۔ کیمیا، دشمنوں سے مقابلہ، مقدمہ بازی یا حکام سے ملنے کے لئے مناسب نہیں۔ جو بچہ اس منزل میں پیدا ہوگا مشہور ہوگا۔ بخور اس کا لوبان ذکر اور زعفران ہے۔ اسم الٰہی یَا مُکَرِّمُ کا کھلا ورد کریں۔

بارھواں حرف واو (و)

اس منزل کا تعلق منزل ہنعہ سے ہے۔ یہ منزل نہایت سعد ہے۔ جب قمر اس منزل میں آئے تو اعمال محبت کرنا چاہئیں۔ اچھی خوشبو روشن کریں۔ حکام اور رئیسوں کے پاس جائیں۔ ہر حاجت میں کوشش کرے اور بھائی بندوں سے ملے جُلے۔ جو اعمال چاہے کرے۔ تمام اعمال خیر اس منزل میں کامیاب ہوتے ہیں۔ اسم الٰہی یَا وَهَّابُ کثرت سے پڑھیں۔ بخور اس کا قطرب اور بزلہ شیخ ہے۔ (قطرب ایک بوٹی ہے جس کے پتے رات کو چراغ کی طرح چمکتے ہیں۔ یہ بوٹی اکثر تالابوں کے کنارے ملتی ہے) جو بچہ اس منزل میں پیدا ہوگا کامیاب زندگی گزارے گا اور شہادت پائے گا۔

تیرھواں حرف الھا (ہ)

اس حرف کا تعلق چاند کی منزل ہقعہ سے ہے جب چاند اس منزل میں آتا ہے تو متوسط درجہ کی روحانیت پیدا ہوتی ہے۔ اسی سبب سے خیر و شر دونوں قسم کے اعمال اس منزل میں کئے جا سکتے ہیں۔ جو بچہ اس منزل میں پیدا ہوگا وہ متوسط درجہ کا ہوگا۔ نہ زیادہ منحوس اور نہ زیادہ سعادت مند۔ اس منزل میں اسم الٰہی یَا هَادِیُ کا ورد کرتے رہا کریں۔ تاکہ اس منزل کی نحوست کے اثرات آپ پر اثر انداز نہ ہو سکیں۔ بخور اس منزل کا عود، لوبان ذکر اور مصطگی ہے۔

الحمدللہ حروف صوامت کے تحت مولود کے مختصر خواص بیان کئے ہیں۔ اب یہ آپ کا کام ہے کہ ان باتوں کو مدنظر رکھ کر سائل کے کام میں ہاتھ ڈالیں۔ کیونکہ اگر عامل کوشش کر کے یہ معلوم کر لے کہ یہ کام ہوگا یا نہیں؟ تو اس کی آدھی محنت بچ جاتی ہے۔

تالے والا مشہور عمل

یہ عمل خاص طور سے دو افراد خصوصاً طالب و مطلوب کے درمیان اتفاق و

محبت کے لیے نہایت پرتاثیر ہے اور ذہانت سے کام لیا جائے تو دیگر مقاصد کے لیے بھی کیا جاسکتا ہے' مثلاً کسی برائی سے روکنا یا کسی بری عادت کی بندش کے لیے بھی یہ عمل کیا جاسکتا ہے مگر اس کے لیے مقصد کو مناسب طریقے سے بیان کرنا ہوگا۔ گہن کے وقت سے پہلے ایک کورا یعنی نیا تالا جو استعمال شدہ نہ ہو، لا کر رکھ لیں، تالا اسٹیل کا ہو اور چابی سے کھلتا اور بند ہوتا ہو تو زیادہ بہتر ہے، آج کل ایسے تالے آؤٹ آف ڈیٹ ہو چکے ہیں لہٰذا اسٹیل کا دوسرا تالا بھی استعمال ہو سکتا ہے جو دبا کر کھٹکے کے ساتھ بند ہوتا ہے۔

گہن کے وسطی حصے سے کچھ پہلے باوضو علیحدہ کمرے میں بیٹھ جائیں، تالا کھول کر ہاتھ میں رکھیں اور بسم اللہ کے بعد سات مرتبہ سورہ کوثر پڑھیں، بعدازاں زبان سے یہ جملہ ادا کریں۔

''بستم خواب و خود فلاں بن فلاں فی حق فلاں بن فلاں جب تک نہ دیکھے چین نہ پائے''

یہ جملہ سورہ کوثر پڑھنے کے بعد زبان سے ادا کریں اور تالے کے سوراخ میں پھونک مار کر تالا بند کر دیں، ذہن میں اپنے مقصد کا بھرپور تصور رکھیں اس کے بعد اگر مطلوب کا استعمال شدہ کپڑا میسر ہو تو تالے کو اس میں لپیٹ دیں اور گھر میں کسی ڈبے میں بند کر کے رکھ دیں یا کسی اندھیری جگہ تالے کو رکھ دیں۔ اس کے علاوہ تالے کو کسی قبرستان میں بھی دفن کر سکتے ہیں۔ تالے کی چابی ضائع کر دیں۔ اسی طرح کسی بری عادت سے روکنے کے لیے بھی مقصد کے مطابق جملے اس طرح بنائے جاسکتے ہیں مثلاً بستم عادت چوری یا جھوٹ یا مار پیٹ وغیرہ فلاں بن فلاں' کبھی چوری نہ کرے' اس مثال کو سامنے رکھتے ہوئے مختلف مقاصد کے لیے جملے تیار کر کے سورہ کوثر پڑھنے کے بعد زبان سے ادا کیے جائیں' فلاں بن فلاں کی جگہ مطلوبہ عورت یا مرد کا نام مع والدہ لیا جائے۔

بس اتنا سا کام ہے' اس کام سے فارغ ہو کر کچھ مٹھائی پر فاتحہ دیں اور اللہ سے کامیابی کے لیے دعا کریں، مٹھائی خود بھی کھائیں اور بچوں میں یا احباب میں تقسیم کر دیں، تین کلو چاول اور تین کلو چینی کا صدقہ دیں یا 120 روپے خیرات کر دیں، انشاء اللہ اس شخص کے دل میں محبت اور نرمی پیدا ہوگی، اگر وہ کہیں دور ہے تو یقیناً واپس آئے گا، خیال رہے کہ محض تفریحاً یا معمولی وجوہات کی بنیاد پر یہ عمل ہرگز نہ کریں، انتہائی شدید ضرورت اور مجبوری کے تحت کیا جائے جو لوگ معمولی معمولی باتوں پر جذباتی ہو کر عمل و وظیفے کرتے ہیں' انہیں حقیقی استحقاق حاصل نہ ہونے کی وجہ سے ناکامی ہوتی ہے اور پھر وہ کہتے ہیں کہ عمل میں اثر نہیں تھا حالانکہ انہیں سوچنا چاہیے کہ وہ خود غلطی پر تو نہیں ہیں؟

جملے میں فلاں بن فلاں کی جگہ مطلوب کا نام مع والدہ مثلاً احمد بن فاطمہ لیا جائے گا، اگر مطلوب عورت ہے تو بن کی جگہ بنت کا لفظ استعمال ہوگا۔ دوسری جگہ فلاں بن فلاں کے بجائے طالب کا نام مع والدہ لیا جائے گا۔ امید ہے تمام طریقہ سمجھ میں آ گیا ہوگا۔

میاں بیوی میں محبت کے لیے عمل خاص

زن و شوہر میں اختلافات، مزاجی ناہمواری، باہمی لڑائی جھگڑا، محبت کی کمی وغیرہ کے لیے یہ ایک مجرب طریقہ ہے اور صرف شادی شدہ خواتین و حضرات ہی اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ نہایت آسان بھی ہے۔ گرہن کے درمیانی وقت میں ایک سفید کاغذ پر کالی یا نیلی روشنائی سے پوری بسم اللہ لکھ کر سورہ الم نشرح پوری لکھیں پھر یہ آیت لکھیں۔

والقیت علیك محبة فلان بن فلاں (یہاں مطلوب کا نام مع والدہ لکھیں) علیٰ محبة فلاں بنت فلاں (یہاں طالب کا نام مع والدہ لکھیں) کما الفت بین آدم و حوا و بین یوسف و زلیخا و بین موسیٰ و صفورا و بین محمد ﷺ و خدیجة الکبریٰ و اصلح بین هما اصلاحاً فیه ابداً

اب تمام تحریر کے اردگرد حاشیہ (چاروں طرف لکیر) لگا کر کاغذ کو تہہ کر کے تعویز بنالیں اور موم جامہ کر کے بازو پر باندھ لیں یا پھر اپنے تکیے میں رکھ لیں۔

خیال رہے کہ مندرجہ بالا نقوش لکھتے ہوئے باوضو رہیں، پاک صاف کپڑے پہنیں، علیحدہ کمرے کا انتخاب کریں، لکھنے کے دوران مکمل خاموشی اختیار کریں اور اپنے مقصد کو ذہن میں واضح رکھیں کہ آپ کیا چاہتے ہیں، رجال الغیب کا خیال رکھیں کہ آپ جس طرف رخ کر کے بیٹھے ہوں وہ آپ کے سامنے نہ ہوں۔

گرہن میں فیض یاب ہونے کیلئے متفرق اعمال

عمل نمبر 1: اس سال سورج گرہن کی مناسبت سے کچھ عملیات رحمکار یہ کیساتھ حاضر ہوں۔ جو لوگ گردے کے مرض میں مبتلا ہیں یا گردے

میں پتھری ہوتو وہ سورۃ ابراہیمؑ کی پہلی تین آیات 40 پرچوں پر لکھ کر اس میں ایک پرچی اپنے پاس رکھیں باقی 39 صبح کے ٹائم ایک پی لیا کریں۔ خداوند کے فضل وکرم سے 40 دن میں مکمل شفاء حاصل ہوگی۔

عمل نمبر 2 : جن لوگوں کو جسمانی اور ذہنی کمزوری ہو اور احساس کمتری میں مبتلا ہوں وہ سورۃ ہودؑ کی آیت نمبر 17 زعفران اور عنبر سے 21 پرچیوں پر لکھیں۔ ایک پرچی کا تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھیں اور 20 پرچیوں کا روزانہ صبح کے ٹائم پر ایک تعویذ پیا کریں۔

عمل نمبر3: جن لوگوں کی نظر کمزور ہو چکی ہو وہ سورۃ نور کی آیت نمبر35 ایک تعویذ پر لکھ کر اپنے پاس رکھیں۔ گرہن کے دوران وہی آیت عرق گلاب' کھوپرا کے تیل اور بادام کے تیل پر دم کر کے سر پر رات کے وقت مالش کیا کریں اس عمل کی کل مدت 40 دن ہے۔ یہ تیل ان کے لئے آب حیات ہے۔

عمل نمبر 4 : جو لوگ جن کے جوڑوں میں درد ہو' کمر میں درد ہو' جسم کی کسی بھی ہڈی میں درد ہو تو وہ زیتون کا تیل لیکر گرہن کے دوران 92 مرتبہ درود ابراہیمی 92 مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کریں پھر رات کے وقت مالش کیا کریں۔

عمل نمبر 5 : جو لوگ دشمن کے سحر' جادو' آسیب' جنات' پری' چڑیل' ہمزاد' مؤکلات کی وجہ سے پریشان ہوں تو وہ 5 کاغذوں پر چار قل ایک بسم اللہ کیساتھ لکھ کر (یہ لکھنا گرہن کے دوران ہے) اس میں ایک تعویذ اپنے پاس رکھیں باقی چاروں تعویزیں گھر کے چاروں کونوں میں دفن کریں۔

عمل نمبر6 : جو لوگ گرہن کے دوران سورۃ فاتحہ 121 مرتبہ پڑھیں تو وہ ایک سال کیلئے سورۃ فاتحہ کا عامل ہوگا پھر روزانہ 11 مرتبہ پڑھا کریں تا کہ عمل قابو میں رہے۔

عمل نمبر7: یہ گرہن شرف شمس کے بعد لگے گا۔ اگر اس دوران سورۃ شمس کو 92 مرتبہ پڑھیں تو ایک سال کیلئے سورۃ شمس کے عامل بن جائیں گے۔ پھر روزانہ 7 مرتبہ پڑھا کریں تا کہ عمل قابو میں رہے۔

عمل نمبر 8 : جن لوگوں کو تسخیر خلق' رجوع خلق کی ضرورت ہو تو وہ چاندی کی انگوٹھی بنوا کر اس پر حروف صوامت کے حروف لکھ کر مگر سارا کام گرہن کے دوران کرنا ہے۔ پھر اس انگوٹھی پر ایک مرتبہ سورۃ یوسفؑ پڑھ کر دم کریں یہ تسخیر خلق' رجوع خلق کی عظیم قوت ہے۔

عمل نمبر9 : جن لوگوں کو رزق کی تنگی ہو تو وہ سورۃ یٰسین شریف گرہن کے دوران گولڈن کاغذ پر زیر زبر پیش کیساتھ لکھ کر اپنے پاس رکھیں۔ پھر تین مرتبہ روزانہ سورۃ یٰسین پڑھیں مگر اس میں شرط یہ ہے کہ اسکی عربی لکھی جائے اسکا نقش نہ بنایا جائے تب تاثیر ہوگی۔ نقش میں یہ کام نہیں کرے گا۔

عمل نمبر10 : جن لوگوں کی فیکٹری وغیرہ ہو اور وہ جادو کے ذریعہ بند کی گئی ہو تو سورۃ عبس 5 کاغذوں پر لکھ لیں پھر گرہن کے دوران گیارہ مرتبہ سورۃ عبس پڑھ کر دم کریں۔ اس میں ایک تعویذ اپنے پاس رکھیں باقی چار تعویذ فیکٹری کے چاروں کونوں میں دفن کریں۔ اس عمل پر سحر غالب نہیں ہوتا۔ یہاں جنات اور مؤکلات اور ہمزاد بھی بے بس ہوتے ہیں۔

عمل نمبر11 : جن لوگوں کو ترقی عروج کی ضرورت ہو تو وہ اپنا نام معہ والدہ اول سورۃ ہودؑ کی آیت نمبر 21 کے اعداد نکال کر ان سب اعداد کو جمع کر کے ان کے حروف پیدا کریں۔ حروف کے آگے کلمہ ائیل لگا کر مؤکل پیدا کریں پھر اس کو چاندی کی انگوٹھی پر لکھیں۔ اس عمل کی برکت سے اللہ پاک ایسے اسباب بنائے گا کہ غنی ہو جائیں گے۔

عمل نمبر12 : جو لوگ دشمنوں سے تنگ آ چکے ہوں' پریشان حال ہوں وہ سورۃ ابراہیمؑ کی آیت نمبر 17 ایک لوح پر لکھ کر اپنے پاس رکھیں۔ خدائے پاک اجر دے گا۔

عمل نمبر13 : جن لوگوں کو لاعلاج امراض کی بیماریاں ہوں وہ اپنا نام معہ والدہ سورۃ حدید کی پہلی چار آیات میں امتزاج دیکر ایک الگ کاغذ پر لکھیں اور 40 پرچیوں پر زعفران' عنبر پر لکھیں۔ ایک تعویذ اپنے پاس رکھیں۔ باقی صبح کے ٹائم ایک ایک تعویذ پیا کریں۔ یہ سارے اعمال گرہن کے دوران کرنے ہیں۔ اللہ پاک سے دعا ہے کہ خداوند کریم آپ لوگوں کو کامیاب کریں اور دن دوگنی رات چوگنی ترقی دیں۔

حروفِ نورانی

اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد مصطفیٰ سید الانبیاء ﷺ پر قرآن مقدس' نبی داؤد

علیہ السلام پر زبور، نبی موسیٰ علیہ السلام پر تورات، نبی عیسیٰ علیہ السلام پر انجیل نازل کی۔ تورات 22 حروف پر مشتمل تھی جو یہ ہیں۔

ا۔ب۔ج۔د۔ہ۔و۔ز۔ح۔ط۔ی۔ك۔ل۔م۔ن۔س

ع۔ف۔ص۔ق۔ر۔ش۔ت

توریت یا تورات عبرانی زبان میں تھی۔ قدیم عرب دانشور حکیم ابن مرّہ کو اللہ تعالیٰ نے 8 بیٹے عطا فرمائے اس نے ان بیٹوں کے نام ترتیب وار یوں رکھے۔

		معانی	
(1)	ابجد	اب ج د	آغاز کیا
(2)	ھوز	ھ وز	مجھے ملا
(3)	حطی	ح ط ی	میں واقف ہوا
(4)	کلمن	ک ل م ن	سخن گو ہوا
(5)	سعفص	س ع ف ص	اس نے کہا
(6)	قرشت	ق ر ش ت	ترتیب دیا
(7)	ثخذ	ث خ ذ	نگاہ کی
(8)	ضظغ	ض ظ غ	تو مکمل ہوا

انہی 28 حروف کا مجموعہ، مکمل و مقدس قرآن پاک ہے۔ قرآن پاک کی کچھ خاص سورتوں کا آغاز اللہ تعالیٰ نے حروف سے کیا جیسے:

الم۔ صٓ۔ نٓ۔ کٓھٰیٰعٓصٓ۔ حٰمٓعٓسٓقٓ۔ یٰسٓ

ان حروف کے معنی آج تک کوئی نہیں جان سکا۔ ان حروف کے معنی کا علم صرف محمدؐ و آل محمدؐ راسخون فی العلم کو ہے۔ ان کو حروف مقطعات کہتے ہیں اور یہی حروف ''حروف نورانی'' ہی ہیں۔ قرآن مقدس میں جہاں جہاں جس قدر یہ حروف نورانی موجود ہیں ان کو اکٹھا کرنے کے بعد بار بار آنے والے حروف کو اگر کاٹا جائے تو خالص چودہ نورانی حروف حاصل ہوتے ہیں جو یہ ہیں۔

اہ ح ط ی ك ل م ن س ع ص ق ر

ان بکھرے ہوئے چودہ حروف نورانی کو ملا جلا کر اگر ناطق کریں تو اس کائنات میں صرف یہی ایک فقرہ بنتا ہے۔

صراط علی حق نمسکہ

ترجمہ: راستہ علیؑ والا حق ہے جس کو ہم نے پکڑا ہوا ہے۔

اِسی لئے تو کسی اہل ذوق شاعر نے فارسی میں کہا تھا:

نوشتہ بر در جنت بخط سبز جلی
شفیع روز قیامت محمدؐ است و علیؑ

ترجمہ: دروازہ جنت پر صاف صاف سبز رنگ میں لکھا ہوا ہے کہ قیامت کے دن صرف اور صرف محمد مصطفیٰ ﷺ اور علی مرتضیٰ ہماری بخشش کی شفاعت فرمائیں گے۔ جو بارگاہ ربانی میں ضرور قبول ہوگی۔

جو شخص نوچندی جمعرات (چاند کی 4 تا 10 جو جمعرات آئے) سے حروف نورانی کے مجموعہ صراط علیؑ حق نمسکہ کو 315 بار یومیہ 40 شب تک بعد نماز عشاء خاموش مقام پر ورد کریگا کئی اسرار الٰہی اس پر عیاں ہونگے۔ جس حاجت کیلئے پڑھے گا پوری ہوگی۔ نیز حروف نورانی کی زکات بھی ادا ہو جائیگی۔ پھر جس مقصد کیلئے چاہے 40 شب کسی سائل سے عمل کرائے بعد تکمیل زکات 14 بار روزانہ تاحیات ورد رکھنا ہوگا۔

حروفِ صوامت برائے عقود اور امراض

حروف صوامت کو عقود کے لیے کافی برسوں سے استعمال کیا جا تا رہا ہے لیکن اس ناچیز نے ان حروف سے کافی لاعلاج امراض کی بندش کے اعمال پیش کئے جب کہ تمام علماء جفر اور عاملین سے عقد القدم، عقد اللسان، عقر النکاح اور عقد النوم اور عقر الزناء جیسے اعمال تیار کرتے ہیں اور اُس کے لیے سب سے پہلے حروف صوامت کی زکوٰۃ ادا کی جاتی ہے تا کہ دوران گرہن تیار کئے گئے عمل موثر ثابت ہو سکیں۔ اسی سلسلہ کی کڑی میں ماہ ستمبر کے گرہنوں کے لیے ایک آزمودہ سراج التاثیر اور مجرب عمل حاضر خدمت ہے۔ اس عمل کے لیے گرہن سے چند منٹ پہلے 2 رکعت نماز کسوف وخسوف ادا کریں۔ کلمہ طیبہ گی بسط حرفی کریں۔ کیونکہ کلمہ طیبہ خالصاً حروف صوامت پر مبنی ہے۔

لاَ اِلٰہَ اِلاَّ اللّٰہ محمد ﷺ رسول اللّٰہ

ل ا ا ل ہ ا ل ا ل ل ہ م ح م د ر س و ل ا ل ل ہ

تلخیص: ل ا ہ م ح د ر س و

اعداکی تعداد: 354 (جبکہ مکمل حروف صوامت کی تعداد 543 ہے)

فراوانی رزق اور مراتب علی چھٹکارہ تنگدستی

فراوانی رزق اور غلبہ دشمن دفع تنگدستی، اسرار غیبی کیلئے، عزت و مال تحفظ اور مقام کو مقدم رکھنے میں انتہائی سریع التاثیر عمل۔ اگر تنگدستی کے باعث حقیقر و بے اعتبار ہو صرف مرتبہ ہر نماز کے بعد لا الہ الا اللہ الواسع ورد کر کے نقش پر دم کریں اگر بدنصیبی پیچھا نہیں چھوڑتی کبھی بانڈیا انعام نہیں اٹھایا یا نصیب آوری نہ ہوئی ہو جن کی شادی نہ ہو رہی ہو اور رشتوں کے تمام دروازے بند ہو چکے ہوں رزق آتے ہی غائب ہو جاتا ہو۔ برکت نہ ہو۔ موت کا ڈر ہو ہر طرف اندھیرا اندھیر ہو۔ وہ حضرات جو ساری عمر ناکامیوں کا منہ دیکھ چکے ہوں کبھی بھی کامیابی نصیب نہ ہوئی ہو وہ اس انمول تحفہ کو ایک بار ضرور کر کے دیکھیں پھر تماشہ قدرت دیکھیں اللہ تعالیٰ کے نزدیک آپ کس طرح عزیز ہوتے ہیں۔ تحفظ جان و مال اور وہ حضرات جو اپنے اوپر بدنصیبی کا لیبل لگوا چکے ہیں وہ اس عمل کو با اجازت طریقہ سے خالص مشک و زعفران سے لکھ کر اس پر درج بالا آیت **333** مرتبہ ہر نماز کے بعد ورد کر کے دم کریں اور اس نقشکو بحفاظت اپنے پاس رکھیں دنیا کے خوش نصیب آپ ہونگے آزمائش شرط ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

جبرائیل

یا رصبائیل بحق لا الہ الا اللہ الواسع



چال نقش

۶	۷	۲
۱	۵	۹
۸	۳	۴

حروفِ صوامت کا چھلا
برائے خیروبرکت
جادو، جنات، تعویذات، بندش، رشتوں کی بندش، نوکری کی بندش، چلتا ہوا کاروبار بند ہونا اور تمام لاعلاج بیماریوں کا علاج
زنجانی جیمز سٹون
منگوانے کا طریقہ
ویب سائیٹ پر آرڈر کریں
VISIT OUR WEBSITE www.zanjani.pk ORDER NOW

سلسلہ روحانیات حضرت سید میراں حسین شاہ زنجانی پیر بھائی حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری
لوحِ شرف عطارد
قبولیت دعا کے اوقات میں تیار کردہ
تسخیر افراد
حصول ملازمت
ادائیگی قرض
رزق و روزگار میں ترقی
حصول علم و دماغی کمزوری دور
+923009483758
+923706850191
+923004666647
ویب سائیٹ پر آرڈر کریں
www.zanjani.pk

نظراتِ سیّارگان کے عملیات برائے ماہِ ستمبر 2025ء

